**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 20 April 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۰/ اپریل ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ **عام انتخابات کے پہلے مرحلے میں62 / فیصد رائے دہی ‘ تری پورہ میں سب سے زیادہ80 / فیصد جبکہ بہار میں سب سے کم48 / فیصد ووٹ ڈالے گئے‘ مہاراشٹر کے گڈ چرولی حلقے میں67 / فیصد رائے دہی کا اندراج**

☆ **تیسرے مرحلے کے لیے امیدواری عرض داخل کرنے کی مدت ختم**

☆ **عثمان آباد میں77 / جبکہ لاتور میں50 / درخواستیں جمع ‘ امیدواری پرچوں کی جانچ آج**

☆ **چوتھے مرحلے کے لیے اورنگ آباد حلقے میں6 / اور جالنہ میں ایک درخواست داخل**

**اور**

☆ **دوسرے مرحلے کی رائے دہی ہفتہ بھر میں**

**اب خبریں تفصیل سے...**

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں کل 21/ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے 102/حلقوں کے 1625/امیدواروں کی قسمت ووٹنگ مشینوں میں بند کی جا چکی ہے۔ پہلے مرحلے میں کم وبیش 62/اعشاریہ 37/فیصد رائے دہندگان نے ووٹ ڈالے کے حق کا استعمال کیا۔ ابتدائی اندازوں کے مطابق تری پورہ میں سب سے زیادہ 80/ فیصد رائے دہی کی گئی۔ مغربی بنگال 77/اعشاریہ 57/فیصد پدوچیری 73/فیصد آسام72/فیصد میگھالئے70/فیصد منی پور اور سکم68/فیصد چھتیس گڑھ63/فیصد جموں کشمیر اروناچل پردیش اور تمل ناڈو65/فیصد اُترپردیش58/فیصد راجستھان57/فیصد اُتراکھنڈ54/فیصد ناگالینڈ56/فیصد اور میزورم53/فیصد انڈومان نکوبار جزائر57/فیصد لکش دیپ59/ جبکہ بہار میں سب سے کم48/فیصد رائے دہی کی گئی۔

اِسی طرح مہاراشٹر کے 5/حلقوں ناگپور ، بھنڈارا-گوندیا ، چندرپور ، گڈچرولی-چمور اور رام ٹیک میں اوسطً 58/اعشاریہ 50/فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ اِن میں سب سے زیادہ ووٹنگ کم وبیش 67/اعشاریہ 17/فیصد گڈچرولی-چمور حلقے میں جبکہ بھنڈارا-گوندیا حلقے میں 64/اعشاریہ 8/فیصد فیصد درج کی گئی۔ چندرپور حلقے میں 60/فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ رام ٹیک میں 58/اعشاریہ 50/فیصد جبکہ ناگپور میں سب سے کم 53/اعشاریہ 71/فیصد رائے دہی کی گئی۔ گوندیا اور ناگپور کے چند انتخابی مراکز پر الیکٹرانک ووٹنگ مشین بند پڑ جانے کے واقعات پیش آئے۔ اِس سے رائے دہی کے عمل میں تاخیر ہوئی۔ تاہم خبر میں کہا گیا ہے کہ کچھ دیر بعد مشینوں کی خامیوں کو دور کر دیا گیا جس کے بعد رائے دہی کا عمل خوش اسلوبی سے شروع ہو گیا۔ گوندیا ضلعے کے نکسلیت سے متاثرہ علاقے میں دوپہر 3/بجے رائے دہی کا وقت ختم ہو گیا تھا۔ جس کے بعد آنے والے ایک بزرگ رائے دہندہ نے ووٹ دینے کی اجازت کا مطالبہ کیا۔ اجازت نہ ملنے پر اِس ووٹر نے پانی کی ٹاکی پر چڑھ کر احتجاج کیا جسے پولس نے حراست میں لے لیا۔

***** ***** *****

عام انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ کل ختم ہو گئی۔ اِن میں ریاست کے عثمان آباد ، لاتور ، رائے گڑھ ، بارامتی ، شولاپور ، ماڑھا ، سانگلی ، ساتارا ، رتناگیری ، سندھودرگ ، کولہاپور اور ہات کڑنگلے حلقوں میں 361/امیدواروں کی 522/درخواستیں داخل کی گئیں۔ عثمان آباد حلقے میں 36/امیدواروں کی جانب سے 77/درخواستیں جبکہ لاتور میں 36/امیدواروں نے 50/پرچے داخل کیے۔ وہیں رائے گڑھ حلقے میں 28/امیدواروں نے 40/درخواستیں اور بارامتی میں 51/امیدواروں نے 66/پرچے داخل کیے۔ اِسی طرح شولاپور میں 41/امیدواروں کی 53/درخواستیں اور سانگلی میں 50/امیدواروں کی 39/درخواستیں جمع کی گئیں۔ وہیں ساتارا حلقے کے 24/امیدواروں نے 33/پرچے جبکہ رتناگیری سندھودرگ حلقے میں 9/امیدواروں نے 13/پرچے داخل کیے۔ اِسی طرح کولہاپور حلقے کے 28/امیدواروں کی 41/درخواستیں جمع کی گئیں۔ وہیں ہات کڑنگلے میں 36/امیدواروں کی 55/درخواستیں داخل کی گئیں۔ تیسرے مرحلے کے لیے پرچوں کی جانچ آج کی جائے گی۔ اِس مرحلے کے لیے نام واپس لینے کی آخری تاریخ 22/اپریل ہے جبکہ 7/مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

***** ***** *****

لاتور لوک سبھا حلقے سے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار شیواجی کالگے نے کل اپنی امیدواری عرض داخل کی۔ اِس موقعے پر سابق وزیر امِت دیشمکھ اور رکن پارلیمان چندرکانت ہنڈورے موجود تھے۔شہر کے گنج گولائی علاقے سے ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر پارک ٹاؤن ہال تک انتخابی جلوس نکالا گیا۔

عثمان آباد حلقے سے مہایوتی کی امیدوار ارچنا رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے کل اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار اور بی جے پی کے ریاستی صدر چندرشیکھر باون کُڑے اِس موقعے پر موجود تھے۔

وہیں سانگلی لوک سبھا حلقے سے مہاوِکاس آگھاڑی کے چندر ہار پاٹل نے امیدواری فارم داخل کیے۔اِس موقعے پر رکن پارلیمان سنجئے راؤت اور این سی پی شرد پوار گروپ کے ریاستی صدر جینت پاٹل سمیت کئی معززین موجود تھے۔

اِسی طرح رتنا گیری سندھودرگ حلقے سے مہایوتی امیدوار نارائن رانے نے اپنی نامزدگی کا پرچہ جمع کروایا۔ اِس موقعے پر گوا کے وزیر اعلیٰ پرمود ساونت سمیت کئی رہنما موجود تھے۔

***** ***** *****

اورنگ آباد حلقے میں کل امیدواری کے 6/ پرچے داخل کیے گئے۔ اِن میں بہوجن مہا پارٹی اور ہندوستان جنتا پارٹی کے ایک ایک امیدوار اور باقی 4/آزاد امیدوار ہیں۔ اِس حلقے میں اب تک کُل 7/درخواستیں جمع کروائی گئی ہیں۔کل اِس حلقے کے لیے 25/افراد نے 53/امیدواری پرچہ حاصل کیے۔ اِن میں سندیپان بھومرے کے نام سے 2/ اور ونود پاٹل کے لیے ایک پرچہ حاصل کیا گیا۔ بیڑ لوک سبھا حلقے کے لیے کل 30/امیدواروں نے 68/امیدواری درخواستیں حاصل کیں۔

***** ***** *****

وہیں جالنہ انتخابی حلقے میں کل دوسرے دن کُل 24/امیدواروں نے 49/نامزدگی کے پرچے حاصل کیے۔ اِس حلقے میں گزشتہ 2/دنوں کے دوران 58/امیدواروں نے 146/نامزدگی کے پرچے حاصل کیے۔ اِس حلقے میں کل منگیش سنجئے سابڑے نے آزاد امیدوار کے طور پر اپنا پرچہ داخل کیا۔ اِسی طرح شرڈی لوک سبھا حلقے سے شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے امیدوار بھاؤ صاحب واک چورے نے امیدواری عرض جمع کروایا۔اِس موقعے پر رکن اسمبلی آدتیہ ٹھاکرے سمیت سابق وزیر شنکر راؤ گڈاکھ موجود تھے۔

***** ***** *****

بحری فوج کے نائب سربراہ وائس ایڈ مرل دِنیش تر پاٹھی کو بحریہ کے سربراہ کے طور پر نامزد گی کیا گیا ہے۔موجودہ بحری فوج کے سربراہ ایڈ مرل آر ہری کمار آئندہ 30/اپریل کو سبک دوش ہورہے ہیں۔

***** ***** *****

انتخابات کے دوسرے مرحلے کی رائے دہی کے لیے صرف ہفتے بھر کا وقت باقی رہ گیا ہے اور انتخابی مہم کے لیے بھی آخری چند دن رہ گئے ہیں۔ اِس کے سبب انتخابی مہم نے زور پکڑ لیا ہے۔ بی جے پی کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کل وردھا حلقے کے تلے گاؤں میں مہایوتی امیدوار رام داس تڑس اور امراوتی حلقے کی نونیت رانا کے لیے تشہیری جلسے سے خطاب کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کانگریس اور اُس کے اتحاد کو انھوں نے کسان مخالف ترقی مخالف بتایا اور اپنے دور میں کیے گئے ترقیاتی کام گنوائے۔

دریں اثناء وزیر اعظم آج ناندیڑ میں مہایوتی کے امیدوار پرتا راؤ پاٹل چکھلیکر کے لیے جلسے میں شرکت کریں گے۔ جو آج صبح 10/ بجے کوٹھا میں ہوگا۔ وزیر اعظم کے دورہ کے پیش نظر پربھنی ضلعے میں بھی سیکوریٹی کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

اِسی بیچ ونچت بہوجن آگھاڑی کے سربراہ پرکاش امبیڈکر نے الزام عائد کیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی عوام کو 2047ء کے خواب دکھا رہے ہیں۔ وہ کل ناندیڑ میں اپنی پارٹی کے امیدوار اویناش بھوسیکر کی تشہیر کی خاطر نوا مونڈھا میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے تیقن دیا کہ اُن کی پارٹی آنے والے وقت میں ریزرویشن سے متعلق مسائل حل کرے گی ۔

***** ***** *****

اورنگ آباد لوک سبھا حلقے کے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار چندر کانت کھیرے کی انتخابی تشہیر کے لیے قانون ساز کاؤنسل میں حزب اختلاف کے رہنما امبا داس دانوے نے کل ویجا پور میں انتخابی مہم میں شرکت کی ۔ وہیں راشٹر وادی کانگریس پارٹی شرد پوار گروپ کے قومی صدر شرد پوار آج مہاوِکاس آگھاڑی امیدوار کی تشہیر کے لیے چھترپتی سنبھاجی نگر کے دورے پر آرہے ہیں۔

***** ***** *****

ریاست کے اناج ' شہری رسد اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے وزیر چھگن بھجبل نے وضاحت کی ہے کہ وہ ناسک لوک سبھا حلقے سے چُناؤ میں حصہ نہیں لے رہے ہیں ۔کل ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس کے دوران انھوں نے یہ موقف واضح کیا۔انھوں نے کہا کہ وہ اِس حلقے سے مہایوتی امیدوار کی انتخابی مہم میں شرکت کر کے مہایوتی کی طاقت میں اضافہ کریں گے ۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر مہانگر علاقے میں جعلی دستاویزات کی مدد سے غیر زرعی اجازت نامے تقسیم کرنے کی کئی شکایات موصول ہو رہی ہیں ۔ کل اِس سے متعلق اِدارے کے کمشنر اور ڈویژنل کمشنر مدھوکرراجے آردڈ نے اِس تعلق سے منعقدہ میٹنگ میں جائزہ لیا۔انھوں نے انتظامیہ کو 2019ء سے درج کی گئی دستاویزات کی جانچ کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **عام انتخابات کے پہلے مرحلے میں 62 / فیصد رائے دہی ' تری پورہ میں سب سے زیادہ 80 / فیصد جبکہ بہار میں سب سے کم 48 / فیصد ووٹ ڈالے گئے' مہاراشٹر کے گڈچرولی حلقے میں 67 / فیصد رائے دہی کا اندراج**
- ☆ **تیسرے مرحلے کے لیے امیدواری عرض داخل کرنے کی مدت ختم**
- ☆ **عثمان آباد میں 77 / جبکہ لاتور میں 50 / درخواستیں جمع ' امیدواری پرچوں کی جانچ آج**
- ☆ **چوتھے مرحلے کے لیے اورنگ آباد حلقے میں 6 / اور جالنہ میں ایک درخواست داخل**

**اور**

- ☆ **دوسرے مرحلے کی رائے دہی ہفتہ بھر میں**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔**

☆☆☆